29T MURD

2019

URDU

(MODERN INDIAN LANGUAGE)

Full Marks : 100

Pass Marks : 30

Time : Three hours

The figures in the margin indicate full marks for the questions.

1- مندرجہ ذیل سوالوں کا مختصر جواب دیجیے: 1×10=10

(الف) پطرس بخاری کا پورا نام کیا تھا؟

(ب) خواجہ میر درد کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(ج) 'افسانہ' کسے کہتے ہیں؟

(د) 'بھولا' نامی مضمون کس کی تخلیق ہے؟

(ہ) علامہ محمد اقبال کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(و) قلعہ احمد نگر جیل میں کون مقید تھے؟

(ز) 'گرمی دشت کربلا' کس مصنف سے متعلق ہے؟

(ح) 'چڑیا چڑے کی کہانی' کس نے اور کہاں لکھی تھی؟

(ط) شیخ محمد ابراہیم کس لقب سے مشہور ہوئے؟

(ی) ڈپٹی نذیر احمد کے کسی ایک ناول کا نام لکھیے۔

2- مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کا اپنی مادری زبان یا انگریزی میں ترجمہ کیجیے: 5×2=10

(الف)

ایک دن میں اور مرزا صاحب برآمدے میں ساتھ ساتھ کرسیاں ڈالے چپ چاپ بیٹھے تھے۔ جب دوستی پرانی ہوجاتی ہے تو گفتگو کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی اور دوست ایک دوسرے کی خاموشی سے بھی لطف اندوز ہوسکتے ہیں یہی ہماری حالت تھی۔ ہم دونوں اپنے اپنے خیالات میں غرق تھے۔ مرزا صاحب تو خدا جانے کیا سوچ رہے تھے، لیکن میں زمانے کی ناسازگاری پر غور کر رہا تھا۔

(ب)

رات کو بستر پر لیٹتا تو بائسائیکل پر سیر کرنے کے مختلف پروگرام تجویز کرتا رہا۔ یہ ارادہ تو پختہ کرلیا کہ دو تین دن کے اندر ارد گرد کی تمام مشہور تاریخی عمارات اور کھنڈرات کو نئے سرے سے دیکھ ڈالوں گا۔ اس کے بعد اگلے گرمی کے موسم میں ہوسکا تو بائسائیکل سے کشمیر وغیرہ کی سیر کروں گا۔ صبح صبح ہواخوری کے لئے ہر روز نہر تک جایا کروں گا۔

(ج)

چراغ کیا میں نے تو لیمپ روشن کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن گرمی کے دن ہیں، پروانے بہت جمع ہو جائیں گے اور آپ زیادہ پریشان ہو جایئے گا۔ اور اس مکان میں ابابیلوں کی بھی کثرت ہے۔ روشنی دیکھ کر گرنے شروع ہوں گے اور آپ کا بیٹھنا دشوار کر دیں گے۔ تھوڑی دیر صبر کیجئے کہ ماہتاب نکال آتا ہے۔

-3 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کا سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجئے: 5×2=10

(الف ہم میں اور حیوانوں میں کم از کم مجھ میں اور حیوانوں میں کوئی فرق نہیں .... ہاں ہاں میں جانتا ہوں کہ تم میخ نکالنے میں بڑے طاق ہو، کہہ دو گے کہ حیوان جگالی کرتے ہیں تم نہیں کرتے، ان کے دم ہوتی ہے تمہارے نہیں ہوتی........... لیکن ان باتوں سے کیا ہوتا ہے؟ ان سے تو صرف یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ مجھ سے افضل ہیں۔

(ب) بھولا یہ بات سمجھ نہ سکا۔ ایک ہی شخص کس طرح ایک ہی وقت میں کسی کا بھائی اور کسی کا ماموں کیسے ہوسکتا ہے؟ وہ تو اب تک یہی سمجھتا آیا تھا کہ اس کے ماموں جان اس کے بابا جی کے بھی ماموں جی ہیں۔ بھولا نے مخمصے میں پڑنے کی کوشش نہیں کی اور اچک کر ماں کی گود میں جا بیٹھا اور اپنی ماں سے گیتا سننے کے لئے اصرار کرنے لگا۔

(ج) دن بھر ان کا ہنگامہ، تگ ودو گرم رہتا۔ کلکتہ میں بالی گنج کا علاقہ چونکہ کھلا اور درختوں سے بھرا ہے، اس لئے وہاں بھی مکانوں کے برامدوں اور کارنسوں پر چڑیوں کے غول ہمیشہ حملہ کرتے رہتے ہیں۔ یہاں کی ویرانی دیکھ کر گھر کی ویرانی یاد آ گئی۔

-4 حسب ذیل اشعار میں سے کسی دو کا سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجیے: 5×2=10

(الف)
جاؤں میں اور کہاں، کس پہ اور ہوں فدا
چھوڑ کر تجھ کو اے میرا پیارا وطن
راگِ وحدت بھی پیغام توحید بھی
ہم سناتے ہیں یہاں انجمن انجمن

(ب)
مزے جو موت کے عاشق بیان کبھو کرتے
مسیح و خضر بھی مرنے کی آرزو کرتے
اگر یہ جانتے چن چن کے ہم کو توڑیں گے
تو گل کبھی نہ تمنائے رنگ و بو کرتے

(ج)
ایک دیوٴ ایک سیو، ایک کے بندے ہیں سب
مل گئے یہاں گلے شنکر و شاہ مرن
ساز اٹھاتے ہیں پھر وہ مفیض و جتین
تیرتھ گیان میں گرم بزم سخن

5- مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیجئے: (کسی تین کا) 5×3=15

(الف) ''مرحوم کی یاد میں'' یہ مضمون میں مصنف پطرس بخاری نے مرحوم سے کیا مراد لیا ہے اور اس کی کیا صفات بیان کی ہیں؟ آسان اردو میں قلمبند کیجئے۔

(ب) مضمون ''مرزا ظاہر دار بیگ'' میں ڈپٹی نذیر احمد نے کس بات کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے؟ مختصر طور پر بیان کیجئے۔

(ج) نظم ''ترانۂ آسام'' میں شاعر نے کن کن تاریخی شخصیات کا تذکرہ کیا ہے؟ خلاصہ طور پر بیان کیجئے۔

(د) نظم کسے کہتے ہیں اور علّامہ اقبال نے اپنی نظم ''شعاع امید'' میں کس موضوع پر بحث کی ہے؟ مختصر وضاحت کیجئے۔

6- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک ادیب یا شاعر کی حالات زندگی اور انکی ادبی خدمت پر روشنی ڈالئے: 10

(i) مولانا ابوالکلام آزاد

(ii) راجندر سنگھ بیدی

(iii) شیخ ابراہیم ذوقؔ

(iv) میر ببر علی انیسؔ

7- حسب ذیل میں سے کسی دو سوالوں کا جواب دیجئے: 5×2=10

(الف) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی اقسام مع مثال بیان کیجئے۔

(ب) جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی تعریف مثال کے ساتھ واضح کیجئے۔

(ج) نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے عدد مخالف بتائیے:

حقوق۔ مکتب۔ قصائد۔ قوم۔ مسجد۔ احادیث۔ حکماء۔ یوم۔ شاعر۔ رسل۔

(د) نیچے لکھے ہوئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے:

خون بہانا۔ ناک کان کاٹنا۔ مرنے جینے بسر کرنا۔ آسمان کے تارے توڑنا۔ نمک مرچ لگا کر بیان کرنا۔

8- درج ذیل اقتباس کا اردو میں ترجمہ کیجئے: 10

Once a boy was bathing in the river water. He did not know how to swim and was about to be drowned. He saw a man passing by the road to whom he cried out for help. The man advanced and began to blame him for his getting down into the river. The boy said, "O man, rescue me first from death and blame me afterwards".

9. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک موضوع پر مقالہ لکھئے: 15

(i) صوبۂ آسام کی خوبصورتی

(ii) روزانہ اخبار

(iii) جسمانی ورزش

(iv) کمپیوٹر اور اسکے استعمال

———×———